Package-A

# Learn English

## Non-formal Way

# Teachers' Guide

Directorate of Curriculum and Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

## Package-A

# Learn English Non-formal Way

## (Kachi+ Grade I)
## Teachers' Guide

Directorate of Curriculum and Teacher Education
Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

**All rights are reserved with the Directorate of Curriculum and Teacher Education, Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad. However, the content can be used for learning purposes with the prior permission of this Directorate.**

Notification no. 2933-36/CTR/DCTE Dated: 28.09.2023

This learning material has been developed to cater to the academic needs of out-of-school children in light of the Alternative Learning Pathways Ways (ALP) Curriculum 2020 approved by this Directorate.

**Compiled and Reviewed by:**

Mr. Sharaf Uddin, Subject Specialist Material Development DCTE Abbottabad
Ms. Sughra Mehboob Subject Specialist in English GGHSS No.2 Mansehra
Mr Faizan Ayub Hashmi Subject Specialist GHSS No.3 Abbottabad
Mr. Shehzada Waqar, SST GHSS No.1 Mansehra
Muhammad Abdul Basit, Subject Specialist in English GHSS Sherpur Mansehra
Mr. Inamullah Khan (Desk Officer) DCTE Abbottabad

**Supervision:**

**Gohar Ali Khan**
Director Curriculum and Teacher Education (DCTE) Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

**Focal Person:**

**Syed Amjad Ali**
Additional Director (C&TR) DCTE Khyber Pakhtunkhwa Abbottabad

**Technical Support and Facilitation:**

Ms. Gulnaz Jabeen Education Officer UNICEF Khyber Pakhtunkhwa
Muhammad Younas Curriculum and Material Development Specialist JICA (AQAL)
Muhammad Asif Kasi Provincial co-ordinator JICA (AQAL) Khyber Pakhtunkhwa
Mr. Atif Quddus Programme Manager PIU Khyber Pakhtunkhwa

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

# Preface

Pakistan is facing a severe challenge to ensure all children, particularly the most underprivileged, attend, stay, and learn in school. While enrolment and retention rates are improving, progress has needed to be faster. Pakistan has the world's second-highest number of out-of-school children (OOSC), with an estimated 22.8 million children aged 5-16, while in Khyber Pakhtunkhwa, around 2.5 million children are out of school.

Despite the Khyber Pakhtunkhwa government's commitment to bring these out-of-school children to schools, a dire need is felt to discover alternative learning pathways, and the purpose could serve more effectively by adopting the non-formal approach towards learning.

The content of this book is exclusively developed to cater to the academic needs of students who lag in the course of learning. It allows them to learn at their own pace and rejoin formal schooling. Activities are interactive and functional addressing the diverse needs of out-of-school children, teaching them in a non-formal way. Considering the educational gap during the absence of learners in formal schooling, English language learning skills are taught in a practical way involving learners in dialogues and role play. Most grammatical concepts are text-based instead of explaining the grammar rules in isolation. Reading text is relatively short in length, including simple vocabulary.

The experts from the Directorate of Curriculum and Teacher's Education (DCTE) and Elementary and Secondary Education Department Khyber Pakhtunkhwa developed and reviewed this book in the light of Alternate Learning Pathways' (ALP) English Curriculum 2020 for primary grades, covering almost all the key concepts enlisted in the formal Curriculum.

**Director**
Directorate of Curriculum & Teachers' Educations,
Khayber Pakhtunkhwa, Abbottabad.

# Table of Contents


| Serial No. | Units | Page No. |
|---|---|---|
| 1 | Name the picture (a-f) | 7 |
| 2 | Name the picture (g-l) | 12 |
| 3 | Name the picture (m-s) | 16 |
| 4 | Name the picture (t-z) | 20 |
| 5 | Vowel and Consonants | 25 |
| 6 | My Self | 34 |
| 7 | Rhyme | 40 |
| 8 | Transportation | 46 |
| 9 | Earth And Space | 49 |

## تعارف

# انگریزی زبان کو آوازوں کے ذریعے بولنا، لکھنا اور پڑھنا سکھانا۔

اس کتاب میں پڑھنے کا عمل آوازوں سے شروع کیا گیا ہے تاکہ مختصر وقت میں طلبہ آوازوں سے حروف اور پھر لفظوں کی پہچان کر کے پڑھنا اور لکھنا شروع کر سکیں۔ لہذا انگریزی زبان کو سکھانے کے لئے بھی اسی طریقہ کار کو ترجیح دی جائے گی۔ آوازوں کے ذریعے سکھانے کا یہ عمل نہایت مفید اور دیرپا ہے۔ پڑھنا اور لکھنا سیکھنے کے عمل کو آسان اور مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ بچوں کو سمجھایا جائے کہ ہر لفظ جو ہم بولتے اور لکھتے ہیں کچھ آوازوں کو ایک خاص ترتیب سے جوڑنے سے بنتا ہے۔ کسی لفظ میں آوازوں کی پہچان سے بچہ آسانی سے سمجھ سکتا ہے کہ اس لفظ کی انفرادی آوازیں کیا ہیں۔ دوسرے الفاظ میں ایک لفظ کن کن آوازوں اور حروف سے مل کر بنا ہے مثلاً /t/ + /a/ + /b/= bat ہے۔

ٹیچر سبق پڑھانے سے پہلے تمام معاون تدریسی مواد (ٹیچر گائیڈ، فلیش کارڈز، بورڈ، مارکرز یا چاک وغیرہ) کو ترتیب دیں اور خود کو پڑھانے کے لئے تیار کریں ۔ انگریزی زبان کو پڑھاتے وقت ٹیچر نیچے بتائے گئے طریقہ کار کا خاص خیال رکھیں۔

### 1. آوازوں کی پہچان:

آوازوں کی پہچان طلبہ کی درسی کتاب میں دی گئی تصاویر سے کریں اور پوچھیں کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے؟ جب طلبہ کا جواب اُردو یا مادری زبان میں آ جائے تو طلبہ سے پوچھیں کہ آپ میں سے کسی کو پتہ ہے کہ اس تصویر میں بنی ہوئی شے کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟ ہو سکتا ہے طلبہ میں سے کوئی دی گئی تصویر کو انگریزی میں بولنا جانتا ہو بصورت دیگر ٹیچر خود سے طلبہ کو بتائیں کہ تصویر میں بنی ہوئی اس چیز کو انگریزی میں ایسے بولتے ہیں۔ تمام طلبہ کو کہیں کہ وہ اس لفظ کو انگریزی میں باری باری اور آہستہ آہستہ بول کر بتائیں۔

یاد رہے طلبہ کے اندر مہارت پیدا کرنا مقصد نہیں ہے بلکہ sounds کا ایک مختصر تعارف دینا مقصد ہے تاکہ ان کا سابقہ علم یا (knowledge background) تیار کیا جاسکے۔ نیز طالب علموں میں تحریک (Motivation) پیدا کی جاسکے۔
طلبہ کو سمجھائیں کہ کوئی لفظ بولتے ہوئے اُسے غور سے سُنیں وہ اپنے منہ سے کیا آواز نکال رہے ہیں اور اس پر بھی غور کرنا چاہیے کہ کوئی لفظ بولتے ہوئے اس کے منہ سے کون سی آواز پہلے نکلتی ہے اور باقی آوازیں کس ترتیب سے نکلتی ہیں۔ جب تمام طلبہ درست طریقے سے لفظ کی آوازیں بولنا شروع کریں تو ٹیچر بولے جانے والے لفظ کو لکھنا سکھائے۔
ٹیچر اس بات کو ذہن نشین کرلیں کہ جو آواز طلبہ کو سِکھادی گئی ہو اُس آواز کا استعمال جس کسی بھی لفظ میں ہو گا وہ طلبہ سے ہی پوچھا جائے گا۔ مثلاً طلبہ نے لفظ bag کی آوازیں سیکھ لی ہیں مگر جب وہ لفظ ball سیکھیں گے تو ٹیچر پہلے سے سِکھائی جانے والی آوازیں /b/ اور /a/ کو طلبہ سے کروائیں۔

**پڑھانے کے اقدامات**

ٹیچر پڑھاتے وقت نیچے بتائے گئے اقدامات کا خیال رکھیں۔

- پڑھائے جانے والے سبق سے پہلے سابقہ واقفیت لیں۔ یہاں ٹیچر دی گئی تصویر کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوال کریں۔ تاکہ طلبہ جان سکیں کہ آج وہ کس چیز کے بارے میں پڑھنے جارہے ہیں۔
- تصویر دکھا کر طلبہ سے پوچھیں کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے؟
- باری باری تمام طلبہ سے تصویر کا نام پوچھیں اور کہیں کہ منہ سے نکلنے والی آوزاوں کو غور سے سنیں۔
- سکھائے جانے والے لفظ کی سرگرمی کرنا۔
- طلبہ خود سے بھی دی گئی تصویر کا نام بتائیں۔
- ٹیچر طلبہ سے پوچھیں کہ بولے جانے والے لفظ کی کتنی آوازیں ہیں۔

- ٹیچر طلبہ سے پوچھیں کہ بولے جانے والے لفظ کی کون کون سی آوازیں ہیں؟
- طلبہ کی تصحیح کرنے کے بعد ٹیچر خود سے درست ادائیگی کے ساتھ لفظ کو بولنا سکھائیں۔

(ٹیچر رول پلے کے ذریعے بتائے کہ ایک لفظ میں مختلف حروف پائے جاتے ہیں اور ہر حرف اپنی علیحدہ آواز رکھتا ہے)۔

- پہلے سے سیکھے جانے والی آوازیں طلبا خود سے بتائیں۔
- یہاں فلیش کارڈز دکھا کر بھی ٹیچر طلبا سے پوچھیں کہ پڑھ کر بتائیں کہ یہ کیا لفظ ہے؟

**پڑھانے کی ہدایات:**

طلبہ کو پڑھاتے وقت ٹیچر ان باتوں کا خاص خیال رکھے۔

- ٹیچر طلبہ سے معلومات اخذ کرنے والے انداز کو اپنائیں۔
- ٹیچر خود سے معلومات نہ دیں اور انتظار کریں کہ طلبہ خود سے دکھائی گئی تصویر، حرف یا لفظ کو خود سے بتائیں۔
- پڑھاتے وقت پہلے سے سیکھی جانے والی آوازوں کو طلبہ سے ادا کروائیں۔
- تمام طلبہ کو خود سے سوچ کر پڑھنے کا عمل یقینی بنائیں۔
- ہر نئے لفظ کو سکھانے سے پہلے طلبہ سے اخذ کروائیں کہ اس میں موجود کون کون سی آوازیں ہم پہلے سے پڑھ چکے ہیں۔

## 2. آوازوں سے لفظوں کو لکھنے کا عمل:

ٹیچر طلبہ کو بورڈ کی جانب متوجہ کر کے سکھائے جانے والے لفظ کی آوازوں کو لکھنا سکھائیں۔ ٹیچر پوچھیں کہ بولے جانے والی آوازوں میں سب سے پہلے آواز کونسی تھی؟ مثال کے طور پر لفظ **bat** کی آوازوں کے بارے میں ٹیچر سکھائے گی/گا۔

ٹیچر پہلے آواز /b/ کو طلبہ سے زبانی پوچھیں اور کہیں ہم سب سے پہلے بولی جانے والی آواز کو لکھنا سیکھیں گے۔ ٹیچر انگلش میں لکھنے کے لئے بورڈ پر چار لائینوں کا استعمال کریں۔ یاد رہے پہلے تمام طلبہ بورڈ پر باری باری لکھیں تا کہ بعد میں طلبہ بھی اپنی اپنی کتاب پر واضح طور پر لکھ سکیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھتے وقت ان ہدایات کا خیال رکھیں:۔

- ایک وقت میں بورڈ پر ایک ہی لفظ لکھیں۔
- باری باری ایک آواز کو بورڈ پر لکھنا اور ساتھ میں اس کی آواز کو بتانا۔
- پڑھائے جانے والے لفظ کی اشکال کے بارے میں تفصیل سے بتانا۔
- آواز کو تحریر کرتے وقت درست ہدایات دیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے لکھے جانے والے لفظ یا حرف کی پہچان کروانا۔
- طلبہ کو بورڈ پر لکھنے کے لئے بُلانا اور حروف درست طریقے سے لکھنے میں رہنمائی کرنا۔
- کمزور طلبہ کو ہاتھ سے پکڑ کر لکھنے میں مدد دیں۔
- کوشش کریں کہ تمام طلبہ کو بورڈ پر لکھنے کا موقع ملے۔
- حرف کو خوشخط اور درست طریقے سے لکھنے کے لئے ضروری ہے کہ طلبہ کو چار لائنوں پر لکھوائیں۔
- حروف کو لکھتے وقت فلیش کارڈ کا استعمال کریں تاکہ طلبہ کو لکھنے میں آسانی ہو۔
- ٹیچر طلبہ کو فلیش کارڈز کے ذریعے دہرائی اور حروف کی پہچان کروائیں۔ایک وقت میں ایک آواز کا فلیش کارڈ اُٹھا کر طلبہ سے پوچھیں کہ یہ کون سی آواز ہے پھر اسی ترتیب سے دیگر آوازں کو جوڑ کر بورڈ پر لفظ بنانے کی مشق کروائیں۔اس عمل سے طلبا کے لیے پڑھنا اور لکھنا آسان ہو جائے گا۔ طلبہ باری باری حروف کو جوڑتا دیکھ کر لفظ بنانے کی مشق سے لفظوں کی بناوٹ بھی سیکھ جائیں گے
- نئے الفاظ بنانے کے لئے طلبہ کو گروہ میں بٹھا کر کہیں کہ وہ نئی مختلف آوازوں کی ترتیب بدل کر نئے الفاظ بنائیں۔ یہاں ٹیچر طلبہ کی رہنمائی کریں۔

طلبہ کو بتائیں کہ یہ آواز/(ب) b/کی تحریری شکل ہے اور اس آواز کو b یا b سے لکھا جاتا ہے یہاں ٹیچر طلبہ کو وضاحت دے کہ b کی آواز کو دو طرح سے لکھا جاتا ہے۔ جیسے b اور b لہذا اب ہم دونوں طریقے سے لکھنے پڑھنے کی مشق کا پیوں پر کروائیں۔ ٹیچر طلبہ سے پوچھیں یہ آواز کونسی ہے؟ جب تمام طلبہ درست جواب دے دیں تو اگلی آواز کو لکھیں اسی ترتیب سے لفظ میں موجود تمام حروف کی مکمل آواز وں کو بورڈ پر لکھنے کے بعد طلبہ کو کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب پر اس لفظ کو نقطوں سے ملا کر تحریر کرنا سیکھیں۔ یہاں ٹیچر

الفاظ پر دیئے گئے تحریری تیر کے نشان کی مدد سے طلبہ کو لکھنا سکھائیں کہ کون سا حرف کہاں سے شروع ہوتا ہے اور کہاں پر ختم ہوتا ہے۔ کہاں پر لائن سیدھی ہے اور کہاں پر گولائی آتی ہے۔ لکھنے کی مشق کے لیے الفاظ ساتھ ساتھ دیے گئے ہیں۔ ان کی کاپیوں پر مزید مشق کروائیں۔

مثال کے طور پر حرف C اور c کا لکھنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔




یہاں 1,2,3 میں دیئے گئے تیر کے نشان اور انکی سمت direction کے مطابق لکھنا ضروری ہے۔ اسی طرح طلبہ کو لفظ کی بناوٹ کے مطابق تصور دینا بھی ضروری ہے جیسا کہ c کے لئے طلبہ سے کہیں کہ اپنے دائیں کان کو انگلی سے چھو کر بناوٹ کا اندازہ لگائیں بالکل اسی طرح c کی آواز کو لکھا جائے گا۔ ٹیچر مختلف اشکال سے حروف کی بناوٹ اور لکھنے کے تصور کو واضح کریں تاکہ طلبہ کو لکھنے میں آسانی ہو۔

## 3. نئے الفاظ بنانا:

لکھنے کے عمل کے بعد طلبہ سے کہیں کہ سیکھی جانے والی آوازوں کی ترتیب بدل کر نئے الفاظ بنائیں۔ مثال کے طور پر،

/t/ /o /p کی آوازیں مل کر لفظ top بناتی ہیں۔ اسی طرح ایک دوسری مثال سے سمجھتے ہیں اگر طلباء ان چند الفاظ (,bat,car, mat, hat) کو سیکھ چکے ہوں تو نئے الفاظ بنانے کی مشق ضرور کروائیں۔ سکھائے جانے والے حروف کی ترتیب بدل کر نئے الفاظ بنوائیں۔ اس طرح طلبہ جیسے (cat) سے at,act اور (bat) سے at,tab وغیرہ نئے الفاظ سیکھتے وقت لُطف اندوز ہونگے۔ یہ

مشق بورڈ، کارڈز،اِ ملااور کاپی پر دہر ائی کے طور پر بھی کروائی جاسکتی ہے۔ تمام طلبہ سے کہیں نئے الفاظ کو کاپی پر لکھیں۔ ہو سکے تو روز مرّہ تدریس میں نئے الفاظ کا استعمال بھی کرنا سکھائیں۔

## 4. جائزہ لینا:

طلبہ کو سکھائے جانے والے سبق کا جائزہ لینا نہایت ضروری ہے۔ تا کہ ٹیچر طلبہ کے سیکھنے اور اپنے سکھانے کے عمل کا جائزہ لے سکے۔ جائزے کے لئے ٹیچر بہت سی سر گرمیاں کروا سکتے ہیں مثلاً :

I. فلیش کارڈز

II. بورڈ پر لکھوا کر دیکھنا

III. طلبہ کی کتاب یا کاپیوں پر لکھوانا

IV. جوڑوں یا گروپس میں کام دے کر چیک کرنا

V. زبانی سوال و جواب کر کے سُننا

اس طرح بہت سی سر گرمیاں آگے ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہیں جن کو جائزے اور سبق پڑھانے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ٹیچر جائزے کی سر گرمی کو استعمال میں لاتے ہوئے اپنے پڑھانے کے عمل کو بھی بہتر کر سکتے ہیں اور کمزور طلبہ پر خاص توجہ دیں تا کہ وہ باقی طلبہ کی طرح سیکھنے کے عمل میں آگے بڑھ سکیں۔

## Unit 1

## Look at the pictures and say the sounds

# Unit 1

Name the pictures.

ant, bat, cat

1

# 1-Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

| | |
|---|---|
| **EA1b1-01** | **Pronounce and match the initial sound of common words depicted in pictures with their corresponding letters.** |
| **EA1b1-03** | **Pronounce and match spoken words with the written words.** |
| **EA1b1-01** | **Identify naming words.** |
| **EA1b1-01** | **Recognize the different categories of some pictures in classroom, at home and in immediate environment.** |
| **EA1b1-01 ECE00-B4-01** | **Practice holding a pencil correctly.** |
| **EA1b1-02 ECE00-B4-02** | **Trace and draw vertical, horizontal, slanted and curved lines forwards and backwards. Trace and draw circles, curves and strokes.** |
| **EA1b1-03** | **Colour within lines and create simple patterns.** |
| **EA1b1-04** | **Write small and capital letters in series and in random order.<br>Take dictation of alphabets.** |

**طلبہ کی درسی کتاب** (صفحہ نمبر 7-1)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک/مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ اور تصاویر کے فلیش کارڈز وغیرہ۔

## پڑھانے کا طریقہ:

- طلبہ کو کتاب کھولنے کے آداب ضرور سکھائیں مثلاً کتاب کے صفحے کیسے پلٹنے چاہئیں، کتاب کو استعمال کے بعد سنبھال کر کیسے رکھنا ہے۔ ٹیچر طلبہ کے سامنے چند صفحات کھول کر دکھائے تاکہ طلبہ ٹیچر کے طریقے سے کتاب کو استعمال کر سکیں۔

- ٹیچر پنسل کو پکڑنا بتائیں کہ پنسل کو پکڑنے کا درست طریقہ کیا ہے اور درست پکڑنے سے لکھائی کیسے بہتر ہو سکتی ہے۔

**1: کتاب پکڑنے کا درست طریقہ کار**

**2: پنسل پکڑنے کا درست طریقہ کا**

1. درمیان والی انگلی (سائیڈ پر)
2. انگوٹھا (پنسل کے اوپر)
3. شہادت کی انگلی (پنسل کی نوک پر)
4. تمام انگلیاں تھوڑی سی موڑی جائیں گی۔

- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (7-3) پر دی گئی مشق کروائیں۔ دیئے گئے حروف کو چھاپیں (Trace) کریں اور لکھیں۔
بڑے حروف اور چھوٹے حروف کو نقاط کی مدد سے ملائیں۔ مختلف اشیاء کے نام کے پہلے حرف اور اشکال کو ملائیں۔
اشیاء کو ان کے لکھے ہوئے ناموں سے بھی ملائیں۔
- ٹیچر مختلف اشکال کو بورڈ پر بنائیں اور طلبہ سے اسکی مشق کرائیں۔
- ٹیچر طلبہ کو چار لائینوں پر لکھنے کے تصور سے متعارف کروائیں اور بتائیں کہ کس طرح انگریزی کے حروف کو ان چار لائینوں پر لکھیں گے۔ ٹیچر طلبہ کو انگریزی کے حروف لکھنے کے بارے میں بتائیں کہ دو طرح سے لکھے جاتے ہیں بڑے اور چھوٹے انداز سے جیسا کہ انکی کتاب میں بتایا گیا ہے۔ ٹیچر طلبا کو سکھائیں کہ حروف کو کس طرح کتاب میں دیئے گئے تیروں کی مدد سے لکھنا ہے۔

- ٹیچر طلبہ سے درسی کتاب میں دی گئی تصاویر کے نام پوچھیں۔
- کچھ بچے ان کے نام اپنی مادری زبان میں بتائیں گے۔اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بچوں سے باری باری ان اشیاء کے نام انگریزی زبان میں پوچھیں۔
- جن اشیاء کے نام بچے انگریزی میں نہیں جانتے ان کے نام کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے صحیح تلفظ کے ساتھ خود ادا کریں۔اور بچوں کو غور سے سننے اور دہرانے کو کہیں مثلاً ant, bat, cat
- بچوں سے بورڈ یا فلیش کارڈ پر لکھے ہوئے حروف کو درمیانی اور شہادت کی انگلی کی مدد سے ہوا میں /ایک دوسرے کی پشت/ ٹیبل پر لکھنے کی مشق کرائیں۔
- بورڈ پر نقطہ دار لکھائی میں درسی کتاب میں دیے گئے حروف لکھیں اور بچوں کو باری باری بلائیں کہ وہ آکر اس پر انگلی/مارکر پھیریں۔
- فلیش کارڈز کا استعمال طلبہ کو الفاظ کی آوازوں اور انکی پہچان کروانے کی ایک نہایت اہم سرگرمی ہے۔فلیش کارڈز کا استعمال تمام طلبہ کے ساتھ ایک بڑے گروپ کی صورت میں بھی کیا جا سکتا ہے اور طلبہ کے چھوٹے چھوٹے گروپس بنا کر بھی کیا جا سکتا ہے۔ٹیچر طلبہ سے مختلف الفاظ کے تصویری فلیش کارڈز دکھا کر پوچھیں کہ یہ کیا ہے پھر اس کی تصویر دکھا کر پوچھیں کہ یہ کس چیز کی تصویر ہے۔ٹیچر بتائیں کہ اس کو انگریزی میں ایسے بولا جاتا ہے۔یہاں ٹیچر ایک لفظ کی آواز کو بار بار پڑھیں اور آوازوں کے الگ الگ فلیش کارڈز دکھائیں۔تاکہ آوازوں کے ساتھ ساتھ طلبہ انکی بناوٹ اور تحریری شکل کی بھی پہچان کر سکیں۔ٹیچر طلبہ کو گروپس میں یہ کارڑز دیں اور کہیں کہ آج سیکھے گئے لفظوں کے حروف کو آگے پیچھے کر کے نئے الفاظ بنائیں۔ یہاں ٹیچر طلبہ کی رہنمائی کریں اور بتائیں کہ بامعنی اور بے معنی الفاظ کون کون سے ہیں۔ٹیچر فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھائے جانے والے سبق کا جائزہ بھی لے سکتے ہیں۔ (یہی طریقہ کار کتاب میں دیئے گئے اس قسم کے تمام عنوانات کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے)۔

- Matching small and Capital Letters

طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ بڑے اور چھوٹے حروف میں فرق جانتے ہیں۔

اب طلبہ کو بڑے اور چھوٹے کی شکلوں کے بارے میں فلیش کارڈ کی مدد سے بتائیں۔

طلباء کو درسی کتاب میں دیے گئے حروف کے کٹ آؤٹ دکھائیں اور ان کی توجہ بڑے اور چھوٹے حروف کے درمیان فرق کی طرف مبذول کروائیں۔

## Matching pictures

طلبہ کو مختلف اشیاء کی تصاویر (فلیش کارڈ) دکھا کر ان کے نام پوچھیں۔

اب ان تصاویر کے نام انگلش میں اخذ کرانے کی کوشش کریں۔

جن اشیاء کے نام بچے انگریزی میں نہیں جانتے ان کے نام کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے صحیح تلفظ کے ساتھ خود بتائیں۔

ایک ٹوکری میں انگلش حروف تہجّی (فلیش کارڈ) رکھیں اور دستیاب تصاویر بورڈ پر آویزاں کر دیں۔

کسی رضاکار کو کہیں کہ ٹوکری سے ایک ایک کر کے انگلش حروف تہجّی اُٹھاتے جائیں۔

باری باری طلبہ سے کہیں کہ وہ ان حروف کو آوازوں کی مدد سے صحیح تصویر کے ساتھ ملانے کی کوشش کریں۔

## Unit 2

### Look at the pictures and say the sounds

# Unit 2

**Name the pictures.**

**goat, hen, igloo**

# 2-Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

| | |
|---|---|
| EA1b1-01 | Pronounce and match the initial sound of common words depicted in pictures with their corresponding letters. |
| EA1b1-03 | Pronounce and match spoken words with the written words. |
| EA2b2-09 | • Recognize that as letters of words change, so do the sounds.<br>• Identify words that begin with the same sound.<br>• Identify words that end with the same sound. Identify one syllable words that rhyme.<br>• Pronounce familiar one-syllable words and common irregular sight words. Recognize words ending with/s/and /z/ sounds in the plural form of a word.<br>• Recognize individual sounds in a word e.g. /p/, /i/, /n/ in pin, etc.<br>Change the first sound of a word to make rhyming words, e.g. fan, van, ran, man, etc. |
| EA1b1-01 | Identify naming words. |
| EA1b4-11 | Read familiar words appearing on a variety of reading material such as food labels, toy boxes, etc. |
| EA1b1-01 | Identify naming words. |
| EA1b1-01 | Recognize the different categories of some pictures in classroom, at home and in immediate environment. |
| EA1b1-04 | Write small and capital letters in series and in random order.<br>Take dictation of alphabets. |
| EA1b1-05 | Trace and write simple one syllable words with correct spelling. Leave regular spaces between words. |

**طلبہ کی درسی کتاب** (صفحہ نمبر 17-8)

**تدریسی معاونات:**

بورڈ، چاک/مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز وغیرہ۔

**پڑھانے کا طریقہ:**

- طلبہ کو دوبارہ سے کتاب کھولنے کے آداب ضرور بتائیں مثلاً کتاب کے صفحے کیسے پلٹنے چاہیئں، کتاب کو استعمال کے بعد سنبھال کر کیسے رکھنا ہے۔ ٹیچر طلبہ کے سامنے چند صفحے کھول کر دکھائے تاکہ طلبہ ٹیچر کے طریقے سے کتاب کو استعمال کر سکیں۔ پہلے کی طرح ٹیچر پنسل کو پکڑنا بتائیں کہ پنسل کو پکڑنے کا درست طریقہ کیا ہے اور درست پکڑنے سے لکھائی کیسے بہتر ہو سکتی ہے۔
- ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر 14 پر حروف چھاپنے (Trace) کا کہیں۔ ضروری رہنمائی بھی کریں۔
- ٹیچر مختلف حروف کو بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے اسکی مشق کرائیں۔ بوقت ضرورت فلیش کارڈز اور تصاویر کا استعمال بھی کریں۔
- گزشتہ یونٹ میں بتائے گئے طریقہ تدریس کے مطابق نئے الفاظ اور حروف کو سمجھانے کی کوشش کریں۔

## Information for Teachers

## Sight Words

Sight words are those words that do not follow the spelling rules. Students are taught to memorize these words as a whole. They are asked to recognize these words by looking at them.

بصری الفاظ وہ الفاظ ہیں جو املا کے قواعد پر عمل نہیں کرتے۔ یعنی ایسے الفاظ کی صحیح ادائی حروف کی آوازوں سے ممکن نہیں۔ بلکہ طلباء کو ان الفاظ کو اکٹھے (بغیر توڑ کے) پڑھنا سکھایا جاتا ہے۔ ان کو زبانی ازبر کرایا جاتا ہے تاکہ طلبہ ان الفاظ کو دیکھ کر فوراً پہچان لیا کریں۔

### پڑھانے کا طریقہ:

- طلبہ کو بتائیں کہ کلاس کا کچھ وقت ہر روز نئے بصری الفاظ سیکھنے پر صرف کیا جائے گا۔
- بصری الفاظ سکھانے کے لیے دیے گئے الفاظ کا انتخاب کریں۔ ان الفاظ کے فلیش کارڈ تیار کر لیں۔
- پہلے دن طلباء کو بصری الفاظ متعارف کرانے کے لیے درسی کتاب میں دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈز استعمال کریں۔ کارڈ دکھائیں اور دیکھیں کہ آیا طلبہ ان میں سے کوئی لفظ جانتے ہیں۔
- صحیح جوابات کی حوصلہ افزائی کریں یا اگر ضرورت ہو تو بتائیں کہ لفظ کیا ہے۔
- اب طلبہ کو دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈ سے ہر لفظ کی نقل کرتے ہوئے اپنے فلیش کارڈز بنانے میں مدد فراہم کریں۔
- اگلے دن طلبہ کے بنائے گئے فلیش کارڈز کا جائزہ لیں اور طلبہ کو بلند آواز میں بصری الفاظ کہنے کی مشق کرائیں۔
- چند دنوں تک روزانہ بصری الفاظ سیکھنے کی مشق دہرائیں۔

## :Naming Words

Noun کو اُردو میں اسم کہتے ہیں۔ انگریزی میں Noun (اسم) کو naming words بھی کہا جاتا ہے۔ جس میں اشیاء، جگہوں اور اشخاص کے نام شامل ہیں مثلاً انور، مسجد، بلی، میز، ٹوپی وغیرہ۔ طلبہ کو ذہن نشین کروائیں کہ جن اشیاء اور جانوروں کے نام اس یونٹ میں سکھائے گئے وہ تمام Noun ہیں مثلاً rat,cat,bat,hat وغیرہ۔

- طلبہ کو اپنی توجہ درسی کتاب یا بورڈ پر مرکوز کرنے کی دعوت دیں جہاں تصویر دکھائی گئی ہے۔
- ٹیچر اپنے ساتھ کلاس روم میں کچھ چیزیں لائے۔ جیسے (کپ، گڑیا، پتا، جار)۔

- طلبہ سے ان کے نام اخذ کرانے کی کوشش کریں۔
- ان اشیاء کے نام کی ابتدائی آوازوں کی شناخت کرائیں۔
- اب ٹیچر طلبہ سے درسی کتاب میں دی گئی تصویر میں نظر آنے والی مختلف اشیاء کے نام اخذ کرانے کی کوشش کرے۔
- کچھ بچے ان کے نام اپنی مادری زبان میں بتائیں گے۔اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ان کے جوابات بورڈ پر ریکارڈ کریں۔
- اب بچوں سے باری باری ان اشیاء کے نام انگریزی زبان میں پوچھیں۔
- جن اشیاء کے نام بچے انگریزی میں نہیں جانتے ان کے نام کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے صحیح تلفظ کے ساتھ خود ادا کریں۔اور بچوں کو غور سے سننے اور دہرانے کو کہیں مثلاً ice cream, slide, scooty, tree, boy, girl

## Rhyming Words.

- ٹیچر طلبہ سے درسی کتاب میں دی گئی تصاویر کے نام پوچھیں۔
- اب ٹیچر درسی کتاب میں دی گئی تصاویر کے نام کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے صحیح تلفظ کے ساتھ خود ادا کریں۔اور بچوں کو آنکھیں بند کر کے غور سے سننے اور دہرانے کو کہیں مثلاً goat, gate, car
- اب طلبہ سے درسی کتاب میں دی گئی تصاویر کو متعلقہ حروف کی آوازوں کے ساتھ ملانے کی کوشش کریں۔
- آخر میں طلبہ کو کہیں دیے گئے حروف کی آوازوں سے مطابقت رکھنے والی (ہم آواز) تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہیں۔

## Unit 3

**Look at the pictures and say the sounds.**


# Unit 3

**Name the pictures.**

mango, net, owl, parrot

18

## 3-Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

| | |
|---|---|
| **EA1b1-01** | **Pronounce and match the initial sound of common words depicted in pictures with their corresponding letters.** |
| **EA1b1-03** | **Pronounce and match spoken words with the written words.** |
| **EA2b2-09** | • **Recognize that as letters of words change, so do the sounds.**<br>• **Identify words that begin with the same sound.**<br>• **Identify words that end with the same sound. Identify one syllable words that rhyme.**<br>• **Pronounce familiar one-syllable words and common irregular sight words. Recognize words ending with/s/and /z/ sounds in the plural form of a word.**<br>• **Recognize individual sounds in a word e.g. /p/, /i/, /n/ in pin, etc.**<br>**Change the first sound of a word to make rhyming words, e.g. fan, van, ran, man, etc.** |
| **EA1b1-03** | **Identify action words.** |
| **EA1b4-09** | **Identify a book by looking at its title.** |
| **EA1b1-01** | **Recognize the different categories of some pictures in classroom, at home and in immediate environment.** |
| **EA1b1-02** | **Articulate and identify simple rhyming words in text.** |
| **EA1b1-04** | **Write small and capital letters in series and in random order.**<br>**Take dictation of alphabets.** |
| **EA1b1-05** | **Trace and write simple one syllable words with correct spelling. Leave regular spaces between words.** |
| **EA1b2-11** | **Recognize and write rhyming words from a poem.** |
| **EA1b2-10** | **Show a series of actions in a picture by writing action verbs.** |

**طلبہ کی درسی کتاب** (صفحہ نمبر18-28)

### تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک/مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز

### نظم پڑھانے کا طریقہ:

- طلبہ کو بتائیں کہ ہر روز کچھ وقت Nursery Rhymes سے لطف اندوز ہونے پر صرف کیا جائے گا۔ (اس مقصد کے لیے کسی بھی Nursery Rhyme کا انتخاب کریں)
- طلبہ سے کہیں کہ آنکھیں بند کر کے درسی کتاب میں دی گئی Nursery Rhyme کو سُن کر لطف اندوز ہونے کی کوشش کریں۔

- ٹیچر لوری دینے (سُلانے) کے انداز سے Nursery Rhymes سُنائے۔
- Nursery Rhymes سُناتے وقت سُر اور تال (Rhyme and rhythm) پر خصوصی توجہ دیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ آپ کے ساتھ مل کر Nursery Rhymes گانے کی کوشش کریں۔
- اگر طلبہ Nursery Rhymes سُنانے میں دقّت محسوس کرتے ہیں تو کھیل اور دیگر سرگرمیوں کے دوران، بار بار ان کے لیے وہی نظم گائیں۔
- چند دنوں تک روزانہ Nursery Rhymes سے لطف اندوز ہونے کی مشق دہرائیں۔

## Information for Teachers

### Rhyming Words

Rhyming words are words that have the same ending sound. In simpler terms, it can be defined as the repetition of similar sounds. For example, fan, van, can.

They can help the story, poem, or song sound more fun and interesting. Rhyming words can also help students memorize a story, or poem more easily.

Rhyming words ایسے الفاظ ہیں جن کی آخری آواز ایک جیسی ہوتی ہے۔ آسان الفاظ میں، ایک طرح کی آوازوں کی تکرار (دُہرائی) کو Rhyming words کہا جاتا ہے۔

Rhyming words کہانی یا نظم کو زیادہ پر لطف اور دلچسپ آواز سے سنانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ Rhyming words آپ کو کہانی، نظم یا گانا آسانی سے یاد کرنے میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔

### Action Words

- انگریزی زبان میں الفاظ کے ذریعے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتا چلتا ہے۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو کسی کام کے کرنے کو ظاہر کرتے ہیں۔ اِسی لیے انہیں action words بھی کہا جاتا ہے۔ eat, drink, read, write ایسے الفاظ کی مثالیں ہیں۔ eat میں ہم کھانے کا کام کرتے ہیں اور drink میں پینے کا کام کرتے ہیں۔

- Action Wordsسکھا نے کے لئے کمرہ جماعت کی موجود چیزوں کو استعمال میں لا کر Roleplayسے طلبہ کو مشق کروائیں۔ طلبہ کو تصاویر دکھا کر Action Wordsسکھائیں۔ ٹیچر طلبہ کو صفحہ نمبر (25-26) پر دیئے گئے الفاظ کی پڑھائی (reading) کروائیں۔

- ٹیچر طلبہ کو Naming Words اور Action Words کا تصور سمجھانے کے بعد جملہ کی بنیادی ساخت (structure) کے متعلق سمجھائیں۔ کہ جملے میں subjectاور verb کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔ Subject جملے میں کام کرنے والے کو کہتے ہیں اور verbاُس کے کام کو کہتے ہیں۔ لہذا ان دونوں کو ملانے سے جملہ بنتا ہے۔ مثلاً

| **Subject** | **Verb** |
| --- | --- |
| Ahmed | plays. |
| Salma | walks. |

- SV (subject + verb) Structure سمجھانے اور سکھانے کے بعد طلبہ ءسے متعلقہ سر گرمی کروائی جائے۔

- اس سبق میں ایسے الفاظ دیئے گئے ہیں جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرتے ہیں۔ ایسے الفاظ انگلش میں Action Words کہلاتے ہیں۔ مثلاً لکھنا۔Write۔ پڑھنا۔Read وغیرہ۔

- ٹیچر Action Words کا تصور سمجھانے کے لئے پہلے خود عمل (act) کرکے بتائیں اور پھر طلبہ ءکو ایک ایک کرکے کوئی Action Words عملاً کرکے دکھانے کو کہیں تاکہ طلبہ کے ذہن میں Action Words کا تصور واضح ہو۔

- ٹیچر طلبہ کو Naming Words جو یونٹ نمبر 8 میں بتائے گئے ہیں اُن کا تصور بھی سمجھائے کہ کسی چیز، شخص یا جگہ کے نام کو Naming Words کہتے ہیں اور اُن کے کام یا عمل کو Action Words کہتے ہیں۔

- مزید مشق کروانے کے لئے ٹیچر کلاس روم میں موجود چیزوں یا طلبہ کے نام پوچھیں اور اُن کا کام یا عمل action بھی پوچھیں تاکہ طلبہ ءموازنہ کرکے دونوں کا تصور سمجھ سکیں۔

## Unit 4

**Look at the pitcures, say the sounds and write the words.**

# Unit 4

**Name the pictures.**

tree, umbrella, van, wall

29

# 4-Student Learning Outcomes (SLOs) حاصلاتِ تدریس

**EA1b1-01** **Pronounce and match the initial sound of common words depicted in pictures with their corresponding letters.**

**EA1b1-03** **Pronounce and match spoken words with the written words.**

**EA2b2-09**
- **Recognize that as letters of words change, so do the sounds.**
- **Identify words that begin with the same sound.**
- **Identify words that end with the same sound. Identify one syllable words that rhyme.**
- **Pronounce familiar one-syllable words and common irregular sight words. Recognize words ending with/s/and /z/ sounds in the plural form of a word.**
- **Recognize individual sounds in a word e.g. /p/, /i/, /n/ in pin, etc.**

**Change the first sound of a word to make rhyming words, e.g. fan, van, ran, man, etc.**

**EA1b1-01** **Identify naming words.**

**EA1b1-01** **Recognize the different categories of some pictures in classroom, at home and in immediate environment.**

**EA2b1-06** **Recognize and change the number of simple naming words by adding or removing "s" (singular/plural).**

**EA2b1-07** **Identify gender of naming words from immediate environment (masculine/feminine).**

**EA2b1-12** **Use some describing words showing quality, size and colour e.g. soft, big, yellow.**

**EA1b1-04** **Write small and capital letters in series and in random order. Take dictation of alphabets.**

**EA1b1-05** **Trace and write simple one syllable words with correct spelling. Leave regular spaces between words.**

**طلبہ کی درسی کتاب** (صفحہ نمبر 29-42)

## تدریسی معاونات:

بورڈ، چاک/مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلبہ کی درسی کتاب، الفاظ کے فلیش کارڈز

## پڑھانے کا طریقہ:

- ٹیچر طلبہ سے درسی کتاب میں دی گئی تصاویر کے نام پوچھیں۔
- کچھ بچے ان کے نام اپنی مادری زبان میں بتائیں گے۔ اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بچوں سے باری باری ان اشیاء کے نام انگریزی زبان میں پوچھیں۔
- جن اشیاء کے نام بچے انگریزی میں نہیں جانتے ان کے نام کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے صحیح تلفظ کے ساتھ خود ادا کریں۔ اور بچوں کو غور سے سننے اور دہرانے کو کہیں مثلاً ant, bat, cat

- بچوں سے بورڈ یا فلیش کارڈ پر لکھے ہوئے حروف کو درمیانی اور شہادت کی انگلی کی مدد سے ہوا میں/ایک دوسرے کی پشت پر/ٹیبل لکھنے کی مشق کرائیں۔
- بورڈ پر نقطہ دار لکھائی میں درسی کتاب میں دیے گئے حروف لکھیں اور بچوں کو باری باری بلائیں کہ وہ آکر اس پر انگلی/مارکر پھیریں۔
- مکمل حروف تہجی کی پڑھائی کے لیے طلباء کے سامنے درست تلفظ اور اُونچی آواز میں تمام حروف تہجی کی پڑھائی کریں۔
- بچوں کو بھی مکمل حروفِ تہجی بلند آواز میں پڑھائی کرنے کا کہیں۔
- طلباء کو ذہن نشین کروائیں کے انگریزی زبان کے حروفِ تہجی بھی ایک خاص ترتیب سے لکھے اور پڑھے جاتے ہیں۔
- کی سرگرمی کو مکمل کروائیں۔ 'Missing letters' پر دی گئی 33,35 درسی کتاب کے صفحہ نمبر
- بڑے حروف اور چھوٹے حروف کے فرق کو دوبارہ ذہن نشین کروائیں۔
- پر دی گئی سرگرمی کو مکمل کروائیں۔ 41 درسی کتاب کے صفحہ نمبر
- کی حکمتِ عملی اپنائیں۔ طلباء کو انگریزی حروفِ تہجی کی اِملا لکھوائیں۔ (Dictation) مزید مشق کے لیے اِملا

## Sky, Root , and Grass Letters

طلبہ کو چار لائن والے کاغذ پر حروف تہجی کی لکھائی کی پوزیشن سے آگاہ کرنے کے لیے، ہم چھوٹے حروف کو sky, grass and root حروف کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

وہ حروف جو ہم بالکل دو درمیانی لکیروں کے درمیان لکھتے ہیں، مثال کے طور پر، a,c,e,i,m,n,o,r,s,u,v,w,x,z کو Grass letter کے نام سے جانا جاتا ہے۔

جن حروف کو ہم اوپری تین سطروں میں لکھتے ہیں وہ Sky letters کہلاتے ہیں، مثال کے طور پر b,d,f,h,k,l,t۔

ایسے حروف جو نیچے کی لکیر تک جاتے ہیں مثال کے طور پر "g'،'j'،'p'،'q'،'y" وغیرہ کو Root letters کہا جاتا ہے۔

**سکھانے کا طریقہ:**

- طلبہ کو Sky, Grass and Root letters کا چارٹ دکھا کر ان حروف کی پہچان کرائیں ۔
  (اس مقصد کے لیے درسی کتاب میں دیا گیا چارٹ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔)
- ٹیچر تختہ تحریر/چارٹ پر چار لکیریں کھینچ کر عملی طور پر sky, grass and root letters باری باری لکھے۔

- اب چند رضاکار طلبہ سے تختہ تحریر پر sky, grass and root letters تحریر کرانے کا مظاہرہ کرائے۔
- چند دنوں تک روزانہ sky, grass and root letters لکھنے کی مشق دہرائیں۔

**Describing Words**

Describing words (adjectives) are words that provide additional information about a thing. Such tell us about the colour, size, shape, quality etc of naming words.

- ٹیچر طلبہ سے درسی کتاب میں دی گئی تصاویر اور جماعت میں موجود اشیاء کے نام پوچھ کر Naming words کا اعادہ کرائے۔
- اب ٹیچر چند حقیقی اشیاء دکھا کر پہلے ان کے نام پوچھے مثلاً apple, ball, leaf
- طلبہ سے کہیں کہ وہ ان حقیقی اشیاء بارے ایک جملہ بولنے کی کوشش کریں۔

  مثلاً It is an apple. It is a ball. It is a leaf
- اب طلبہ سے ان اشیاء بارے درج ذیل قسم کے سوالات پوچھیں۔
- What colour it is? Is it big or small? Is it heavy or light?

آخر میں درسی کتاب میں دی گئی تصاویر کی مدد سے Describing words کا تصور واضح کریں۔

- درسی کتاب کے صفحہ نمبر 44 پر دی گئی سرگرمی کو مکمل کروائیں۔

**Masculine and Feminine**

- ٹیچر طلبہ سے جان وروں کے نام پوچھ کر Naming words کا اعادہ کرائے۔
- طلبہ سے ان کے پالتو جانور کے بارے دریافت کریں۔
- اب ٹیچر چند طلبہ سے ان کے گھر کے افراد نام پوچھے اور تختہ تحریر پر لکھ لے۔
- باری باری طلبہ سے ان کے گھر کے افراد نام لے کر پوچھیں۔ مثلاً احمد تمھارا کیا لگتا ہے/شبانہ تمھاری کیا لگتی ہے۔
- طلبہ کے بتائے ہوئے رشتے (بھائی، بہن، انکل، آنٹی) کو نام کے ساتھ نوٹ کرتے جائیں۔

- آخر میں درسی کتاب میں دی گئی تصاویر اور تختہ تحریر پر درج نام و رشتوں کی مدد سے Masculine and Feminine کا تصور واضح کریں۔
- درسی کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر دی گئی سرگرمی کو مکمل کروائیں۔

## Singular and Plural

- طلباء سے کہیں کہ درسی کتاب کا صفحہ نمبر 41 نکالیں اور تصاویر کو غور سے دیکھیں۔
- طلباء کو اسم (Noun) یعنی Singular کے تصور کی یاد دہانی کروائیں اور بتائیں کہ کوئی بھی شخص، جگہ یا چیز ایک بھی ہو سکتی ہے اور ایک سے زیادہ یعنی Plural بھی ہو سکتی ہے مثلاً:

| | |
|---|---|
| ایک لڑکا | دو لڑکے |
| ایک کتاب | دو کتابیں |
| ایک ملک | دو ممالک |

